ماہانہ خبر نامہ
# انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ | شمارہ نمبر: 18 | جولائی 2020ء بمطابق ذوالقعدہ 1441ھ

زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

## فرمانِ الٰہی

وَتُوبُوٓا إِلَى اللّٰهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (النور: 31)

اور تم سب مل کر توبہ کرو اللہ کی جناب میں اے ایمان والو تاکہ فلاح پاؤ۔

## فرمان نبوی ﷺ

إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ (صحیح مسلم)

اللہ تعالی بندے کی توبہ قبول کرتا رہے گا جب تک حالت نزع طاری نہ ہو جائے۔

# اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ خبر نامہ انجمن کا یہ شمارہ جولائی آپ کو ایمان، صحت کی بہترین کیفیت اور اہل وعیال کی سلامتی کے ساتھ ملے گا، ان شاء اللہ۔ قارئین کرام ملک بھر میں لاک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ خاص طور پر ملک میں عید الفطر کے بعد سے اس عالم گیر وباء نے شدت اختیار کرلی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے اعمال کے سبب اللہ تعالی ہم سے ناراض ہے۔ لہٰذا اس وقت شدید ترین ضرورت ہے کہ ہم اللہ کی جناب میں رجوع کریں اور پکی، سچی توبہ کریں۔ گزری ہوئی زندگی کے حوالے سے ندامت کا احساس ہو، ہماری زندگیوں میں جو بھی نافرمانی والے اعمال ہیں، ان کو فوری طور پر ترک کردیں اور آئندہ اللہ تعالی کی نافرمانی نہ کرنے کا عہد کریں۔ قارئین کرام! یہ دنیا عارضی ہے۔ یہاں کی خوبیاں اور آسائشیں بھی عارضی ہیں اور دکھ پریشانیاں اور مصائب بھی عارضی ہیں۔ یہ وباء بھی ان شاء اللہ ایک دن اللہ کے حکم سے ختم ہو جائے گی۔ لیکن میری اور آپ کی موت یقینی ہے اور موت کے بعد کی زندگی ہمیشہ ہمیش کی ہے۔ اللہ تعالی سے دعا فرمائیں کہ اس دنیا میں رہتے ہوئے ہمیں آخرت کی تیاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں الحمد للہ آن لائن کورسز جاری ہیں جن میں ہر اتوار کو حضرات و خواتین کے لیے lessons of Arabic language جناب عارف عرفان اللہ صاحب، جب کہ پیر تا جمعرات برائے حضرات و خواتین قرآن کریم کی صرفی و نحوی ترکیب جناب محمد نعمان صاحب، بدھ اور جمعرات برائے حضرات و خواتین سیرت النبی ﷺ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب شامل ہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کے تمام شعبہ جات میں آن لائن کلاس کا اغاز کر دیا گیا ہے۔ مسجد میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عید بن نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہے 21 جون بروز اتوار سورج گرہن کے موقع پر مسجد میں صلوۃ الکسوف کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یاسین آباد میں الحمدللہ آن لائن کورسز جاری ہیں ۔ جس میں پیر تا جمعرات دروس اللغۃ العربیہ کی کلاس منعقد ہوتی ہے جس میں تدرسی کی ذمہ داری جناب عاطف محمود صاحب ادا کر رہے ہیں۔ اسی طرح پیر تا جمعرات آؤ بچو دین سیکھیں کورس منعقد ہوتا ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب سید سلیم الدین صاحب ،جناب عمیر خان صاحب اور معتمد ادرہ جناب احمد علی صاحب ادا کرتے ہیں۔شعبہ حفظ کے طلبہ کے لیے قاری صاحبان آن لائن کلاسز لے رہے ہیں اداراہ ھذا کے خادمین کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ 9:30 تا 9:50 کلاس منعقد ہوتی ہے۔ مسجد جامع القرآن میں الحمدللہ ہر جمعہ کو بعد نماز عشاء درس قرآن منعقد ہوتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب محمد ارشد صاحب ادا کر رہے ہیں۔ اسی طرح ہر اتوار کو بعد نماز ظہر درس حدیث کا انعقاد ہوتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب عاطف محمود صاحب ادا کرتے ہیں نیز روزانہ کی بنیاد پر بعد نماز عصر درس حدیث کا انعقاد بھی ہوتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری امام مسجد جناب عیدالحسین صاحب ادا کرتے ہیں۔21 اسی طرح روزانہ کی بنیاد پر بعد نماز ظہر تذکیر بالقرآن والحدیث کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔ جون بروز اتوار سورج گرہن کے موقع پر مسجد میں صلوۃ الکسوف کا بھی اہتمام کیا گیا

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام آن لائن کورسز جاری ہیں جس میں مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب کورس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر انوار صاحب انجام دے رہے ہیں۔ چونکہ تعلیمی سرگرمیوں کا انعقاد نہیں ہو رہا ہے اس لیے تمام وابستگان ادارہ بشمول اساتذہ اور دفتری اسٹاف کے لیے تربیتی کورس کا انعقاد کیا گیا ہے ۔ جس میں دینی تربیت کے ساتھ دفتری امور میں مہارت حاصل کرنے سے متعلق مضامین بھی شامل ہیں۔ مسجد جامع القرآن میں خطاب جمعہ کے ضمن میں سورۃ الکہف کا مطالعہ شروع کیا گیا ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں 8 جون سے ہفتہ میں دو دن (پیر اور منگل) حدیث کا آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری ہے ۔ جس میں مدرس کے فرائض مدیر ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب ادا کر رہے ہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ میں آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری ہے ۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں بھی آن لائن تدریس کا سلسلہ جاری ہے ۔ادارہ ہذا کے خادمین کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ 3:00 تا 3:30 ایک کلاس منعقد ہوتی ہے۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لاندھی کے شعبہ حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس لاک ڈاون کے باعث موقوف ہیں۔ مدرسۃ النبین کے حفظ القرآن میں 41 جب کہ ناظرہ و قاعدہ میں 53 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ البنات میں 71 طالبات زیر تعلیم ہیں قرآن مرکز میں رواں ماہ سے جمعہ کے دن ہفتہ وار درس کا آغاز کر دیا گیا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد، حیدر آباد میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے تمام تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں موقوف ہیں البتہ آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری ہے۔ جس میں تجوید القرآن کورس دوپہر 11:40 سے 12:20 بجے منعقد ہوتا ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا ادا فرمارہے ہیں۔

# شعبہ سمع و بصر

1. **قرآن فورم:**

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن وسنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 2 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر بھی ہر ہفتہ رات 8 بجے باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ جون 2020ء کے مہینے میں درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

i) مصائب۔مشکلات اور حل
ii) علم کی فضیلت
iii) ختمِ نبوت

2. **دینی و تحریکی لٹریچر (آن لائن فہم دین کورسز)**

انجمن کے تحت ہونے والے آن لائن فہم دین کورسز کے سلسلہ میں ہر جمعہ رات 8 بجے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے لیکچرز کو قرآن اکیڈمی کے LMS کے علاوہ آفیشل فیس بک اور یوٹیوب چینل پر براہِ راست نشر کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ ماہِ جون میں حسبِ ذیل موضوعات پر لیکچرز کو براہِ راست نشر کیا گیا:

i) علم کی فضیلت
ii) مسلمانوں پر قرآنِ مجید کے حقوق
iii) سفر آخرت کے مراحل
iv) نبی اکرم ﷺ سے تعلق کی بنیادیں

3. **سلسلہ وار درسِ قرآن**

کارساز کے مقام پر ہونے والے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے درسِ قرآن کے سلسلہ کا دوبارہ آن لائن آغاز کیا گیا۔ مذکورہ درس ہر اتوار سہ پہر 3 بجے قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر نشر کیا گیا۔ گزشتہ ماہ درجِ ذیل موضوعات پر دروسِ قرآن ریکارڈ کر کے نشر کیے گئے:

i) سورۃ الحدید آیت 25
ii) سورۃ الحدید آیات 26 تا 29
iii) سورۃ المجادلہ آیات 1 تا 6

# اہم اعلان

موجودہ ملکی حالات اور لاک ڈاؤن کی وجہ سے اراکین انجمن کو اپنا انفاق جمع کرانے میں مشکل درپیش ہے۔ اس ضمن میں اراکین انجمن سے گزارش ہے کہ جن کے لئے ممکن ہو سکے اپنا انفاق جمع کرانے کے لئے آن لائن ٹرانسفر کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور ہمارے شعبہ اکاؤنٹ سے اکاؤنٹ نمبر حاصل کریں۔ بصورت دیگر آپ کے مطلع کرنے پر کراچی میں آپ کے گھر سے بھی انفاق کی وصولی ہو سکتی ہے۔ جزاکم اللہ خیرا

فون نمبر 7-021-34993436

واٹس اپ نمبر 0333-4993437

**فنڈ برائے ممبر حضرات وخواتین**

Title of A/C : Anjuman Khuddam Ul Quran Sindh, Karachi

Branch: Meezan Bank Gulshan-e- Iqbal

Block-6 Rashid Minhas Road Karachi

SWIFT CODE : MEZNPKKA

IBAN #: PK38MEZN0099070102698038

Account # :99070102698038

**برائے زکوٰۃ**

Title of A/C :Anjuman Khuddam Ul Quran Sindh, Karachi

Branch: Meezan Bank Gulshan-e-Iqbal

Block-6 Rashid Minhas Road Karachi

SWIFT CODE : MEZNPKKA

IBAN # : PK78MEZN0099070102701392

Account # :99070102701392